# نیلام عام

قومی زرعی تحقیقاتی مرکز اسلام آباد میں میٹھے اور مالٹے کے باغ کی نیلامی مورخہ 20 اکتوبر 2026 بوقت 10:30 بجے کمیٹی روم NARC,HRI میں منعقد ہوگی۔ خواہشمند حضرات اس نیلامی میں ہمراہ قومی شناختی کارڈ حصہ لے سکتے ہیں۔ بولی میں درج ذیل شرائط وضوابط کے تحت حصہ لیا جاسکتا ہے۔

۱۔ نیلامی میں حصہ لینے والے حضرات اپنا اصل شناختی کارڈ بمعہ فوٹو کاپی ساتھ لائیں۔

۲۔ کامیاب بولی دہندہ 50 فیصد رقم موقع پر جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ بقایا 50 فیصد رقم پھل کے برداشت کے شروع میں یا دسمبر، 2026 کے دوسرے ہفتے تک جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

۴۔ اگر کامیاب بولی دہندہ مجموعی رقم مقررہ وقت (دسمبر، 2026 کے دوسرے ہفتے تک) جمع کروانے میں ناکام رہا تو اس کی جمع شدہ رقم ضبط ہو جائے گی اور پھل محکمے کی ملکیت ہوگی۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ پھل کی حفاظت کا خود ذمہ دار ہوگا۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ محکمہ کی اجازت کے بغیر پھل پر کسی قسم کا کیڑے مار یا بیماری کا سپرے نہیں کرے گا۔

۷۔ کامیاب بولی دہندہ اپنے رہائشی ٹینٹ کا انتظام خود کرے گا جو کہ باغ میں لگائے گا۔

۸۔ ڈائریکٹر (HRI) کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کوئی وجہ بتائے بولی کو منسوخ کر دیں۔

باغات کا معائنہ دفتری اوقات کار میں مورخہ 12 اکتوبر سے لیکر 20 اکتوبر 2026 تک کیا جاسکتا ہے۔ مزید معلومات کیلئے ڈائریکٹر ہارٹیکلچرل ریسرچ انسٹیٹیوٹ این اے آر سی سے رابطہ کریں۔

منجانب

ڈائریکٹر ہارٹیکلچرل ریسرچ انسٹیٹیوٹ این اے آر سی

اسلام آباد

رابطہ نمبر: 051-9255027